Urdu

# یہوواہ کے گواہ

## مختصر میں معلومات

KURZ-INFOS

کیتھولک اورمتعلقہ مذہب کے مصلحین کے
نمائندوں اور عالمی نظریے کے سوالات کے
لئے ایک منصوبہ

Evangelische Zentralstelle
für Weltanschauungsfragen

# یہوواہ کے گواہ

یہ کتابچہ مذہبی کمیونٹی "یہوواہ کے گواہوں" پر معلومات فراہم کرتا ہے. تاکہ آپ کے لئے یہ معلومات مفید ہو اس کے لیے آپ کو پتہ ہونا چاہیئے کہ مذاہب کا جرمنی میں کیا کردار ہے: جرمنی میں تقریبا دو تہائی لوگ ایک مذہبی کمیونٹی کے ارکان ہیں. ان میں سے بیشتر یعنی نصف آبادی دو بڑے عیسائی گرجا گھروں سے تعلق رکھتے ہیں. کیتھولک اور پروٹسٹنٹ چرچ. 5 فیصد مسلمان ہیں، تقریبا تمام ان میں جرمنی کی طرف ہجرت کے ذریعے ائے.

## آزادی مذہب کا مطلب ہے: کہ بہت سی چھوٹی کمیونٹیز موجود ہیں

جرمنی میں، مذہب کی آزادی ہے. تمام مذاہب اپنی تشہیر کر سکتے ہیں اور عملی طور پر اپنے ایمان کو فروغ دے سکتے ہی جب تک وہ ریاستی قوانین کی پاسداری کرتے رہے. لہذا، بڑے مذاہب کے علاوہ بہت سے چھوٹے گروہ بھی پائے جاتے ہیں. بعض ان میں تارکین وطن اور پناہ گزینوں کی حمایت جیتنے کی کوشش کرتے ہیں. ان گروہوں میں سے کچھ اپنے ایمان اور اپنی زندگی کے بارے میں کھل کر معلومات فراہم کرتے ہیں. بہر حال، دوسرے ممالک اور ثقافتوں کے لوگوں کے لئے اکثر ان کے عقائد سمجھنا آسان نہیں ہے. بعض مذہبی گروہ اپنے ماحول کے ساتھ تنازعہ میں بھی رہتے ہیں. یا ان کی اپنی صفوں میں تنازعات ہیں. اس طرح کے گروہ خود کے بارے میں کھل کر معلومات نہیں دیتے. آسانی سے لوگوں کا دل جیتنے کے لئے وہ بہت کچھ چھپاتے ہیں یہوواہ کے گواہ بھی خود کو مختلف پیش کرتے ہیں ایسے نہیں ہیں جیسے باہر سے دیکھتے ہیں.

## یہوواہ کے گواہ – آپ کو کہاں ملیں گیں؟

یہوواہ کے گواہوں کی بین الاقوامی انتظامیہ کا ہیڈکوارٹر نیویارک میں ہے. ان کو "واچ ٹاور سوسائٹی" کہا جاتا ہے، اور اردو میں " واچ ٹاور سوسائٹی" ("Wachtturm-Gesellschaft"). کمیونٹی بین الاقوامی سطح پر سخت منظم ہے. یہوواہ کے گواہوں کی جرمن انتظامیہ کا ہیڈکوارٹر فرینکفرٹ کے قریب ہے. ان کے

پاس پیشہ ورانہ مشنری ہیں.اس کے علاوہ تمام یہوواہ کے گواہ کمیونٹی کو فروغ دینے کے پابند ہیں. ہفتے میں دو بار یا اس سے زیادہ وہ تبلیغ کے لئے تیار ہونے کے لئے تربیت میں حصہ لیتے ہیں. وہ شہروں میں پیدل چلنے والوں کے علاقے میں کھڑے ہوتے ہیں اور اپنے رسالے اور کتابیں پیشکش کرتے ہیں. دوسرے جوڑوں کی شکل میں گھر گھر جاتے ہیں اور دروازوں پر کھنٹی بجاتے ہیں. وہ بائبل کے بارے میں بات کرنا چاہتے ہیں اور اپنے اجلاسوں میں مدعو کرتے ہیں. یا یہ پناہ گزینوں کے گھروں کا دورہ کرتے ہیں. اکثر ان کے پاس مہاجرین کی زبان کا لٹریچر ہوتا ہے . ان کا بنیادی میگزین "واچ ٹاور" ("Wachtturm") 274 زبانوں میں نشر ہوا ہے اور اس کے 59 لاکھ کتابچے گردش میں ہیں. ان کے ارکان جو جرمنی سے نہیں ہیں خود کبھی مہاجرین رہ چکے ہیں. یہوواہ کے گواہ خاص طور پر ان کے پاس تشہیر کرتے ہیں جن کی مادری زبان میں یہ بات کر سکتے ہیں. بڑے شہروں میں جرمن زبان کے علاوہ دیگر زبانوں میں بھی یہوواہ کے گواہوں کے اجلاس منقد ہوتے ہیں.

جرمنی میں یہوواہ کے گواہوں کے 165000 اراکین اپنی کمیونٹی کے لئے تشہیر کرتے ہیں. جرمن میں، یہوواہ کے گواہوں کے کھروں کو "کنگڈم ہال" ("Königreichssaal") کہتے ہیں جس کا مطلب عبادتگاہ ہے. اتوار کو وہاں سینٹرل مذہبی تقریب منقد ہوتی ہے. ہفتے کے دوران ، لوگ گروہوں میں جمع ہوتے ییں تاکہ بائبل کو پڑھیں اور ٹاور سوسائٹی واچ کی تعلیمات میں تعلیم حاصل کریں. سالانہ کانفرنسیں منقد ہوتی ہیں جس میں شرکت ضروری ہے.

## یہوواہ کے گواہوں یقین کیا ہے ؟

واچ ٹاور سوسائٹی امریکہ میں 1881 میں قائم ہوئی. 1931 سے اس کے پیروکار خود کو "یہوواہ کے گواہ" کہنے لگے. ان کے لئے ، خدا کا مناسب نام صرف "یہوواہ" ہے . ان کا دعوی ہے کہ ان کا ایمان صرف اور صرف بائبل، عیسائیوں کی مقدس کتاب پر مبنی ہے . ان کا اس بات پر یقین ہے کہ ان کی تنظیم واحد "چینل" ہے جس کے ذریعے خدا آدمی سے بات کرتا ہے۔ لہذا، ارکان کا ان کی انتظامیہ کا بالکل فرمانبردار ہونا ضروری

ہے. دوسرے تمام مذاہب، تمام عیسائی گرجا گھر بھی، ان کے خیال میں خدا کی خدمت نہیں کرتے بلکہ شیطان کی. ریاست بھی ان کے پیش نظر یہوواہ کی دشمن ہے. ان کے خیال میں، صرف واچ ٹاور سوسائٹی کا دنیا پر راج کرنے کا حق ہے. تاہم، یہوواہ کے گواہ کوئی سیاسی قوت استعمال نہیں کرتے. وہ انتخابات میں حصہ نہیں لیتے اور اس کے ارکان کوئی سیاسی عہدہ نہیں رکھتے. وہ ہتھیاروں کا استعمال نہیں کرتے اور کوئی فوجی ذمہ داری بھی پوری نہیں کرتے.

یہ تمام مذہبی اور ریاستی تعطیلات کو مسترد کرتے ہیں. خاندانی تقریبات کوئی اہم کردار ادا نہیں کرتیں اور بعض کو مسترد کرتے ہیں. جیسے سالگرہ یا کرسمس. اسکول کی سالگرہ پارٹی میں یا کمپنی کی کرسمس پارٹی میں، وہ شرکت نہیں کرتے. خاندانی زندگی کا سختی سے حکم دیا جاتا ہے. خواتین کا اپنے شوہروں کی اطاعت کرنا ضروری ہے، بچوں کی سختی سے پرورش کی جاتی ہے. نوجوان یہوواہ کے گواہوں کو "ملحد" سے شادی کرنے کی اجازت نہیں صرف دوسرے یہوواہ کے گواہ سے.

## یہوواہ کے گواہ اور قیامت

یہوواہ کے گواہ توقع کرتے ہیں کہ دنیا جلد کافروں اور یہوواہ کے درمیان ایک بڑی جنگ میں ختم ہونی والی ہے. ان کے موت کے بعد کی زندگی کے خیالات عیسائیت اور اسلام سے کافی مختلف ہیں. ان کے لئے صرف تین امکانات ہیں: تمام جو یہوواہ کے گواہ کے وفادار نہیں ہیں تباہ ہو جائیں گیں. تقریبا تمام یہوواہ کے گواہ زمین پر ہمیشہ زندہ رہے گیں بدقسمتی، بیماری اور موت کے بغیر. زمین ان کی ہو جائے گی. 144000 ان میں اسمان پر یسوع مسیح کے ساتھ راج کریں گیں.

زوال کے خوف اور ایک لامتناہی، خوشی کی زندگی کی امید، یہوواہ کے گواہوں کو اس پر ابھرتا ہے کہ وہ بہت سا وقت اور کام کمیونٹی کے لئے سرانجام دیں. وہ ان چند میں سے ہونا چاھتے ہیں جو دنیا کے خاتمے پر محفوظ رہ سکیں. یہ تب ہی ممکن ہے اگر وہ کافی وقت اور توانائی تبلیغ کے لیے دیں. واچ ٹاور سوسائٹی نے بارہا قیامت کی پیشن گوئی کی ہے، آخری مرتبہ سال

1975 میں. تاہم، تمام پیشن گوئیاں غلط ثابت ہوئیں.
ماضی میں بار بار غلط ہونے کے بعد، یہوواہ کے گواہ آج دنیا کے خاتمے کی کوئی تاریخ تو نہیں دیتے لیکن پھر بھی توقع کرتے ہیں کہ دنیا بہت جلد ختم ہونے والی ہے.

## عیسائیوں کو یہوواہ کے گواہوں کے بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے؟

عیسائیوں کے لئے یہ جاننا ضروری ہے کہ یہوواہ کے گواہ بائبل کا کچھ اور مطلب لیتے ہیں وہ نہیں جو عیسائی گرجا گھر والے لیتے ہیں. ان کا اپنا بائبل کا ترجمہ ہے، "نیو ورلڈ ٹرانسلیشن". اس میں بہت سے مقامات میں ترمیم کی گئی تاکہ یہ یہوواہ کے گواہوں کے ایمان کے مطابق ہو. تاہم، ممبروں کے لئے خود بائبل سب سے زیادہ اتھارٹی نہیں رکھتی، بلکہ میگزین "واچ ٹاور" ("Wachtturm") بائبل کی تعلیمات کے بارے میں اور کسی بھی دیگر معاملات پر کیا کہتا ہے وہ زیادہ اہم ہے. جو کچھ اس میں درج ہے اس پر شک نہیں کیا جا سکتا یا تنقید کا نشانہ نہیں بنایا جا سکتا. مثال کے طور پر، یہوواہ کے گواہ اس پر یقین نہیں کرتے کہ خدا یسوع مسیح کی شکل میں آدمی بن گیا. وہ خدا کی تین فارم کو مسترد کرتے ہیں. وہ صرف یہوواہ خدا کی عبادت کرتے ہیں، یسوع مسیح اور روح القدس اس کے ماتحت ہیں.
یہوواہ کے گواہ صرف بالغوں اور نوجوانوں کو بپتسمہ دیتے ہیں، بچوں کو نہیں. ایک اور چرچ کی طرف سے بپتسما ان پر لاگو نہیں ہوتا. رات کا کھانا (ایکیرسٹ)، سال میں صرف ایک بار ہے. کوئی بھی اس میں روٹی اور شراب نہیں لیتا. اس مقصد کے لئے صرف 144000 حق رکھتے ہیں جو آسمان پر یسوع مسیح کے ساتھ حکومت کریں گیں.
یہوواہ کے گواہوں کے خیال میں بائبل، بہت سی چیزوں سے منع کرتی ہے جو دوسرے عیسائی صحیح سمجھتے ہیں. اس کے علاوہ خون کی منتقلی اور انسانی اعضاء کے عطیات سختی سے ممنوع ہیں. بارہا یہوواہ کے گواہ مر جاتے ہیں، کیونکہ وہ مثال کے طور پر، کسی حادثے کے بعد خون کی منتقلی کی اجازت نہیں دیتے.

## یہوواہ کے گواہوں کے مسائل کیا ہیں؟

- کمیونٹی سختی سے اوپر سے نیچے تک منظم ہے۔ انتظامیہ کی اطاعت کی جانی ضروری ہے۔ کوئی جمہوریت نہیں، انتظامیہ کے فیصلوں میں ممبر شریک نہیں ہو سکتے اور کوئی انتخابات نہیں ہوتے۔ اس طرح، انتظامیہ کے پاس بہت زیادہ طاقت ہو جاتی ہے جو بارہا غلط استعمال ہوتی ہے۔

- یہوواہ کے گواہوں کی زندگی مقررہ قوانین کے تابع ہے۔ کمیونٹی اس کو یقینی بناتی ہے کہ ان قوانین پر عمل کیا جائے۔ اگر کوئی نہیں کرتا تو خارج کر دیے جانے کا خطرا مول لیتا ہے۔ بعض لوگ اس طرح کا ایک مقررہ حکم چاہتے ہیں۔ لیکن اس سے یہوواہ کے گواہ میں اس بات کا بہت زیادہ خوف رہتا ہے کہ کچھ غلط نہ کر دیں۔

- دباؤ کے تحت ایک رکن قواعد پر عمل کرنے اور برادری کے لئے بہت سا کام کرنےپر مجبور ہو جاتا ہے۔

- یہووا کا گواہ جو کمیونٹی چھوڑ دیتا ہے ان کے خیال میں اس نے یہوواہ کو دھوکہ دیا ہے۔ یہ خاص طور پر سابق یہوواہ کے گواہوں پر لگو ہوتا ہے جن کو برادری سے نکال دیا گیا ہے۔ کمیونٹی کہتی ہے کہ ان کے ساتھ رابطے کو محدود کرنا چاہئے۔

- کئی سابق ارکان ایک جگہ اکھٹے ہو کر مناظم ہوئے ہیں تاکہ تنقیدی نظر سے یہوواہ کے گواہوں کے بارے میں مطلع کر سکیں۔ انٹرنیٹ پر ان کے بارے میں معلومات حاصل کی جا سکتی ہے۔ کچھ زبانوں (مثلاً جرمن اور انگریزی) میں، ان کے تجربات کے بارے میں کتابیں موجود ہیں۔

- یہوواہ کے گواہ ان سب لوگوں کو کفر سمجھتے ہیں جو ان سے تعلق نہیں رکھتے۔وہ اپنے ماحول میں ان پر تبلیغ کرتے ہیں اور ویسے ممکن حد تک کم سے کم ان کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں۔ کام کی جگہ پر اور

اسکول میں دوسروں سے فاصلے میں رہتے ہیں ۔
بچے اور نوعمر لڑکے اس دوری کی وجہ سے تکلیف
میں رہتے ہیں.

## ادمی کس طرح کا برتاؤ کرے؟

تنظیمیں، جن کا یہوواہ کے گواہوں کے ساتھ تجربہ رہا ہے اس سے روکتے ہیں کہ ادمی ان کے ساتھ رابطہ پیدا کرے یا ان کا رکن بنے. سب سے بہتر روایہ یہ ہے کہ اگر یہوواہ کے گواہ کے مشنری اس سے ملیں تو شائستگی سے لیکن مضبوطی سے ان کو مسترد کر دے. عام طور پر خود کو ان کے ساتھ بحث میں مشغول کرنے کا کوئی فائدہ نہیں.

یہ جاننا ضروری ہے کہ یہوواہ کے گواہ بھی تمام دیگر کمیونٹیز کی طرح، عوام میں سڑکوں پر تشہیر کر سکتے ہیں. لیکن سیاسی پناہ گذینوں کی قیام گاہ یا ہاسٹل میں اجازت کے بغیر تشہیر نہیں کر سکتے. اگر وہ مدعو نہیں ہیں تو وہ ذاتی کمرے یا اپارٹمنٹس میں داخل نہیں ہو سکتے. اگر ماں باپ اس کی اجازت نہیں دیتے تو. بچوں میں تشہیر نہیں کر سکتے، اگر کچھ ہوتا ہے تو آپ خود مشنریوں کے ساتھ نہیں الجھیں. جارحانہ انداز میں رد عمل کا اظہار نہ کریں. گھر یا عمارت کے ذمہ دار لوگوں کو مطلع کریں. یہ وہاں مشنریوں کے ٹھرنے پر ممانعت کر سکتے ہیں.

**ناشر** اے زٹ وے سے شائع بشپ رہنماؤں کی کانفرنس
اور فرقوں پر نمائندے کی کانفرنس اور جرمنی کے رومن
کیتھولک کے نظریاتی مسائل میں نظریاتی ایشوز کے
رہنماؤں اور ایجنٹوں کے ساتھ تعاون میں. مصنف:
ڈاکٹر ہنس یورگ ہمینگر.

**مصنف** Dr. Hansjörg Hemminger

**ترجمہ** USG Übersetzungs-Service AG
3063 Ittigen (Schweiz)

**Evangelische Zentralstelle für Weltanschauungsfragen (EZW)**
Auguststraße 80 · 10117 Berlin
Tel. (030) 2 83 95-211 · Fax (030) 2 83 95-212
E-Mail: info@ezw-berlin.de
www.ezw-berlin.de

**EZW-Spendenkonto**
Evangelische Bank eG · BIC GENODEF1EK1
IBAN DE37 5206 0410 0106 4028 10